2017年5月24日ジャング紙ラホール版3面

کراچی بھنگوریہ ٹاؤن نزد قادریہ مسجد عزیز آباد میں بحریہ دسترخوان کا افتتاح

بحریہ دسترخوان چیئرمین بحریہ ٹاؤن ملک ریاض حسین کی انسان دوستی اور مثبت سوچ کا مظہر ہے

کراچی (پ ر) کراچی کے علاقے بھنگوریہ ٹاؤن نزد قادریہ مسجد عزیز آباد میں ایک نئے بحریہ دستر خوان کا گزشتہ روز بروز منگل کو افتتاح کر دیا گیا ہے۔ اس نئے دستر خوان کا افتتاح وہاں موجود ایک معمر شخص نے کیا جو بحریہ دستر خوان سے کھانا کھانے آیا تھا۔ اس موقع پر ایک سادہ لیکن پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں بحریہ ٹاؤن کراچی کی مینجمنٹ، بحریہ دستر خوان کی ٹیم اور پاکستان کے کاروباری شہر کی معروف سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ بحریہ دستر خوان کی ٹیم کے جذبہء خدمت سمیت بحریہ دستر خوان منصوبے کے ساتھ چیئرمین بحریہ ٹاؤن ملک ریاض حسین کی ذاتی وابستگی بھی اس منصوبہ کی بے مثال کامیابی کی ایک بڑی وجہ ہے۔ بحریہ دستر خوان چیئرمین بحریہ ٹاؤن کی انسان دوستی اور مثبت سوچ کا مظہر ہے۔ بحریہ دستر خوان، بحریہ ٹاؤن پاکستان کا ایک ویلفیئر منصوبہ ہے جس کے تحت ملک بھر کے مختلف شہروں میں متعدد مقامات پر انتہائی باعزت ماحول میں دو وقت کے مفت کھانے کا انتظام کیا جاتا ہے۔ سال کے 365 دن بحریہ دستر خوان سے لاکھوں افراد مستفید ہو رہے ہیں۔ بھنگوریہ ٹاؤن کی انڈسٹریل اور متوسط طبقے کی آبادی کیلئے بحریہ دستر خوان کسی نعمت سے کم نہیں۔ یہی سبب ہے کہ بھنگوریہ ٹاؤن میں دستر خوان کے افتتاح کے موقع پر عام لوگوں نے بحریہ دستر خوان، بحریہ ٹاؤن پاکستان اور ملک ریاض حسین کے لیے دعاؤں کے ساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔